# 42822 ـ ليبارٹرى والوں كى جانب سے ڈاكٹر حضرات كو كچھ رقم دينا تا كہ وہ مريض اس ليبارٹرى ميں بھيجھيں

## سوال

كيا ليبارٹرى كے مالك كے ليے جائز ہے كہ وہ ڈاكٹر حضرات كے ساتھ ٹيسٹ ميں سے كچھ تناسب سے رقم لينے پر اتفاق كر ليں، تا كہ مريض اس كے پاس بھجے جائيں، يہ علم ميں رہے كہ ڈاكٹر حضرات كو ملنے والى رقم مريضوں سے وصول نہيں كى جائيگى بلكہ دوسرى ليبارٹريوں كى قيمت ميں ہى ٹيسٹ كيے جائيں گے ؟

## پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

ليبارٹرى كے مالك كے ليے مريض ليبارٹرى ميں بھيجنے كے عوض ميں ڈاكٹر كو كچھ رقم دينى جائز نہيں، كيونكہ يہ حرام رشوت ميں شمار ہوتى ہے.

اللہ تعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے.